## لازوال قربانیاں دینے والی تحریکیں اپنی منزل ضرور پاتی ہیں، ایم کیوایم فرسودہ نظام کے خاتمے اورعوام کی حکمرانی کیلئے اپنی جدوجہد میں ایک دن کامیاب ہوگی، وسیم آفتاب

## خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم شعبہ خواتین کے ہفتہ واراور بڑے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔5جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے کہاہے کہ لازوال قربانیاں دینے والی تحریکیں اپنی منزل ضرو پاتی ہیں اورانشاءاللہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کےفرسودہ نظام کے خاتمے اورغریب ومتوسط طبقے کےعوام کی حکمرانی کیلئے اپنی جدوجہد میں ایک دن ضرورکامیاب ہوگی ۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روزایم کیوایم شعبہ خواتین کے تحت خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں خواتین کے ہفتہ واراور بڑے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس،ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج وحق پرست رکن قومی اسمبلی کشورزہرااورشعبہ خواتین کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کی اراکین بھی موجودتھیں۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وسیم آفتاب نے کہا کہ ایم کیوایم ملک میں سرگرم دیگرنام نہادسیاسی ومذہبی جماعتوں کی طرح صرف اپنے مفادات کی حصول کی دوڑ میں نہیں لگی ہوئی ہے بلکہ ایم کیوایم نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات اوردرس کے مطابق ملک کے ایوانوں میں پہلی مرتبہ مڈل کلاس طبقے کی نمائندگی کوروشناس کرایا جس سے نام نہادسیاسی مذہبی جماعتوں میں شامل جاگیرداروں، وڈیروں اورسرمایہ داروں کواپنامستقبل خطرے میں نظرآنے لگا یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کے خلاف آئے روزنت نئی سازشیں کی جاتی ہیں اوراسے آج بھی دیوار سےلگانے کیلئے نام نہادسیاسی مذہبی جماعتیں جھوٹ پرمبنی بے بنیاد پروپیگنڈاکررہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ نام نہادسیاسی مذہبی جماعتوں کاایم کیوایم کے پروپیگنڈا ثابت کرتا ہے کہ ایم کیوایم ملک کے مسائل کاحل چاہتی ہےاورجاگیردارانہ،وڈیرانہ اورسرمایہ دارانہ نظام کوجڑ سےختم کرنا چاہتی ہے تاکہ ملک بھرکےعوام کوان کےحقوق میسرآسکیں اوروہ فرسودہ نظام کے چنگل سےنکل کرآزادی سے زندگی گزارسکیں۔وسیم آفتاب نےخواتین کارکنان پرزوردیا کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کےفکروفلسفہ اورنظریئے کےفروغ کیلئے بھرپورکرداراداکریں اورحق پرستی کے مشن،مقصداورنظریئےکو پھیلانے کیلئے اپنی تمام ترصلاحیتوں کااستعمال کریں۔قبل ازیں اجلاس میں جیوٹی وی پر چلنے والی دستاویزی فلم ''جرگہ'' کواسکرین پردکھایاگیا،ایم کیوایم کےشہیدکارکنان اوردہشت گردی کےخلاف برسرپیکارپاک فوج کےشہید ہونے والے جوانوں کوزبردست خراج تحسین پیش کیاگیااور ان کیلئے دعائے مغفرت بھی کی گئی۔اجلاس سےایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج کشورزہرانے بھی خطاب کیا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت نذیرحسین میڈیکل سینٹر میں سینکڑوں افرادکوہیپاٹائٹس بی سے بچاؤ کی ویکسین لگائی گئی

## بعض افراد کے مرض کی تشخیص کے بعدانہیں اسپتال بھی ریفرکیا گیا

کراچی۔۔۔5،جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام انسدادہیپاٹائٹس کی مہم کے سلسلے میں نذیرحسین میڈیکل سینٹرواسپتال میں ہرعمرکےسینکڑوں بچوں، نوجوانوں، بزرگوں اورخواتین کوہیپاٹائٹس بی سے بچاؤ کی ویکسین لگائی گئی۔اس سلسلے میں نذیرحسین میڈیکل سینٹرواسپتال میں صبح 9 بجے سے ہی زبردست رش دکھائی دیاجن کا ڈاکٹروں اورپیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان نےتفصیلی معائنہ کیااورانہیں ہیپاٹائٹس سے بچاؤ کی ویکسین لگائی جبکہ بعض افراد کےمرض کی تشخیص بھی کی گئی اورانہیں اسپتال میں ریفر کیاگیا۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کےتحت ہیپاٹائٹس بی کے بچاؤ کی ویکسین سے اسفادہ کرنے والے افراد نے اپنے جذبات کااظہارکرتے ہوئے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کا ادارہ عوام کومفت طبی سہولیات فراہم کرتا آرہاہےاوراللہ تعالیٰ کےنزدیک اس کا یہ بڑاکام ہےجس کااجرضرور ملے گا۔اس موقع پرانہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مزیدوسیع دائرہ کاراورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اورسلامتی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## ایک دن ضرور حق پرستی کا پیغام جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کو بہا کرلے جائے گا، ایم کیوایم لیبر ڈویژن

## جمشید ٹاؤن میں جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب جوائنٹ انچارج مظاہر حسین اور رکن محمد اسرائیل کا خطاب

کراچی۔۔۔5جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظاہر حسین اور رکن محمد اسرائیل نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کے ہر فرد میں یہ سوچ بیدار کرنا چاہتے ہیں کہ وہ واقعی ایک آزاد ملک کے شہری ہیں یا وہ صرف جشنِ آزادی منانے والے وہ افراد ہیں جو ایک فرسودہ جاگیردارانہ نظام میں جکڑے ہوئے غلام ہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے تحت جمشید ٹاؤن میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں رائج جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام سے عوام برسوں سے بری طرح استحصال کا نشانہ بن رہے ہیں اوران کے حقوق سلب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو ملک سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کے خاتمے کی جدوجہد کررہی ہے اوراسی پاداش میں ایم کیوایم ماضی میں بدترین ریاستی آپریشن کا نشانہ بنا کر ختم کرنے کی کوشش کی گئی لیکن الحمداللہ ایم کیوایم ماضی کی نسبت اب پہلے سے زیادہ مضبوط ہے اوراس کا نظریہ پاکستان کے علاوہ آزاد کشمیر اور دنیا کے بیشتر ممالک میں پھیل چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جاگیردار، وڈیرے اور سرمایہ دار اب کتنا ہی زور کیوں نہ لگالیں اب وہ پیغام حق پرستی کو نہیں روک سکتے اور ایک دن ضرور حق پرستی کا پیغام جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کو بہا کرلے جائے گا۔

## ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے کارکن محمد ندیم اور ایم کیوایم ایلڈرزونگ ملیر سیکٹر کے کارکن اسرار حسین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔5،جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی سول اسپتال یونٹ کے کارکن محمد ندیم اور ایم کیوایم ایلڈرزونگ ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکن اسرار حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگوران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ ( آمین )

## ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی سول اسپتال یونٹ کے کارکن محمد ندیم اور ایم کیوایم ایلڈرزونگ ملیر سیکٹر کے کارکن اسرار حسین علالت کے باعث انتقال کرگئے

## محمد ندیم مرحوم کو کورنگی نمبر 6 جبکہ اسرار حسین مرحوم کو معصوم قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اور کارکنان کی شرکت

کراچی۔۔۔5جولائی2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ میڈیکل ایڈ کمیٹی سول اسپتال یونٹ کے کارکن محمد ندیم اور ایم کیوایم ایلڈرزونگ ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکن اسرار حسین اورعلالت کے باعث انتقال کرگئے (اناللہ واناالیہ راجعون)۔ محمد ندیم مرحوم کی عمر42 سال تھی اور وہ گزشتہ 2 سال سے جگر کے کینسر میں مبتلا تھے گزشتہ روزان کی طبیعت زیادہ بگڑ گئی اور ڈاکٹروں کی تمام ترکوششوں کے باوجود وہ جانبر نہ ہوسکے اورانتقال کرگئے، مرحوم کے سوگواران میں بیوہ سمیت 4 بچے شامل ہیں جبکہ ایم کیوایم کے بزرگ کارکن اسرار حسین مرحوم کی عمر55 سال تھی اوران کے سوگواران میں ایک بیٹی شامل ہے۔ محمد ندیم مرحوم کو کورنگی نمبر 6 کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا، مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن قومی اسمبلی آصف حسنین، حق پرست رکن سندھ اسمبلی خالد افتخار، ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز وقارب نے شرکت کی۔ اسی طرح ایم کیوایم کے بزرگ کارکن اسرار حسین مرحوم کو گزشتہ روز معصوم قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا، مرحوم کی نماز جنازہ قادریہ مسجد کھوکھرا نمبر3 میں ادا کی گئی۔ مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن قومی اسمبلی ساجد احمد، ایم کیوایم ایلڈرزونگ کے اراکین، ملیر سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محمد ندیم اور اسرار حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ ( آمین )

## جناب الطاف حسین نے ملک سے کرپٹ فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام حکومت کو ختم کرنے کا بیڑہ اٹھایا ہے، فرخ اعظم
## ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت گلشن حدید بن قاسم سیکٹر میں کارکنان کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔05/جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک سے کرپٹ فرسودہ، جاگیردارانہ نظام کو ختم کرنے کا بیڑہ اٹھایا ہے اور سب سے پہلے ملک کے ایوانوں میں ایسے اہل لوگوں کو بھیجا جن کا تعلق غریب اور مڈل کلاس طبقہ سے ہے اور جو الیکشن لڑنے کا تصور تک نہیں کر سکتے تھے۔ یہ بات انہوں نے گذشتہ روز ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت گلشن حدید یوسی 6 بن قاسم سیکٹر آفس میں کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین سید معین الدین اور عزیز الرحمان بھی موجود تھے۔ فرخ اعظم نے کہا کہ ملک پر قابض 2 فیصد استحصالی طبقہ کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی حق پرستانہ جدوجہد سے اپنا مستقبل خطرے میں نظر آنے لگا اور اس ملک کے مراعات یافتہ 2 فیصد طبقہ کے زیر اثر نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں نے متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف محاذ بنالیا اسے ختم کرنے کیلئے نت نئی سازشیں کی جانے لگیں یہاں تک کہ جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ کو پھیلنے سے روکنے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف اسٹیبلشمنٹ نے سہ جہتی حکمت عملی اپنائی۔ انہوں نے کہا کہ ہر طرح کی گھناؤنی سازشیں کرنے کے باوجود متحدہ قومی موومنٹ کو ختم نہیں کیا جا سکتا بلکہ اس کے برعکس بانی و قائد تحریک کا دیا ہوا نظریہ تیزی سے ملک بھر کے کوچے کوچے میں پھیل رہا ہے جو اس بات کی دلیل ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ اور نظریہ سچا ہے۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی دگئی تعلیمات کے مطابق عوام کی بلاتفریق خدمت کو اپنا شعار بنائیں اور حق پرستی کی تحریک کے فکر و فلسفہ اور نظریہ کو گھر گھر اور گلی گلی جا کر پھیلائیں۔

## اے این پی سندھ کے جنرل سیکریٹری امین خٹک کی ہمشیرہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔5، جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عوامی نیشنل پارٹی سندھ کے جنرل سیکریٹری امین خٹک کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن اور نیو کراچی سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔5، جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 123 کے کارکن محمد عارف کے والد ابوالکلام اور ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 134C کے کارکن عمران شاہ کے والد محمد یامین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی عطا کرے۔ (آمین)

## رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات کی تنظیم نو کا اعلان کر دیا،
## قاسم علی رضا 10 رکنی مرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج ہونگے، کیم ونگ، نیوز، ویڈیو اور فوٹو سیکشن کی بھی تنظیم نو کر دی گئی

کراچی۔۔۔5، جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات اور اس کی ذیلی کمیٹیوں کی تنظیم نو کا اعلان کر دیا۔ یہ اعلان رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائمخانی نے اتوار کے روز خورشید بیگم میموریل ہال میں میڈیا، نیوز، ویڈیو، کیم ونگ اور فوٹو سیکشن کے ارکان کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ اعلان کے مطابق 10 رکنی مرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید قاسم علی رضا جبکہ جوائنٹ انچارجز سید سیف عباس

حسنی، رکن قومی اسمبلی وسیم اختر، سابق صوبائی وزیر قمر منصور جبکہ اراکین میں ارکان قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی، ڈاکٹر ندیم احسان، اراکین صوبائی اسمبلی خواجہ اظہارالحسن، نثاراحمد پنہوراورمعین عامر پیرزادہ کے علاوہ احمد سلیم صدیقی ہونگے۔ رابطہ کمیٹی نے میڈیا کمیٹی کو مرکزی شعبہ اطلاعات میں ضم کر کے کیم ونگ، نیوز، ویڈیو کمیٹی اورفوٹوسیکشن کی بھی تنظیم نو کر دی ہے۔ رابطہ کمیٹی کے اعلامیے کے مطابق حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری کیم ونگ، ارشد حسین نیوز کمیٹی، منصوراحمد ویڈیو کمیٹی اور خالد جیلانی فوٹوسیکشن کے نئے انچارجز ہونگے اور یہ تمام شعبہ جات مرکزی شعبہ اطلاعات کے تحت کام کریں گے۔

## ایم کیوایم نے مکمل صوبائی خودمختاری جومطالبہ کیا ہے وہ الطاف حسین کے فکروفلسفے کی سچائی ہے، ڈیرہ بگٹی میں یوسف شہوانی کا خطاب
## شیر باز خان بگٹی، گھمن بگٹی، سیف اللہ بگٹی اور محمد علی بگٹی سمیت درجنوں افراد کی ایم کیوایم میں شمولیت۔

کوئٹہ۔۔۔05 / جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی نے کہا ہے کہ صرف قائد تحریک الطاف حسین کی فکر اور ان کا فلسفہ حقیقت پسندی اور عملیت پسندی ہی ملک کو درپیش مسائل کا مکمل حل پیش کرتا ہے بلوچستان کے مسائل کو قومی سطح پر اجاگر کرنے کیلئے ایم کیوایم نے جس ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا اور مرکز سے مکمل صوبائی خودمختاری کا جو مطالبہ کیا ہے وہ دراصل قائد تحریک جناب الطاف حسین کی فکر وفلسفے کی سچائی ہے۔ یہ بات انہوں نے گذشتہ روز ڈیرہ بگٹی میں بگٹی قبیلے کے ممتاز افراد اور نوجوانوں کی ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے کے موقع پر ہونے والے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر شیر باز خان بگٹی، گھمن بگٹی، سیف اللہ بگٹی، محمد علی بگٹی سمیت درجنوں افراد نے قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفے سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔ یوسف شہوانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج ڈیرہ بگٹی کے درجنوں نوجوانوں نے ایم کیوایم ایم میں شمولیت اختیار کی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین پر اعتماد کا اظہار کیا ہے بلوچستان کے دیگر نوجوانوں کو بھی چاہئے کہ وہ بھی بلوچستان کے محکوم اور مظلوم عوام کو غربت، افلاس، جہالت، پسماندگی اور محرومی سے چھٹکارا دلانے کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔ ایم کیوایم انشاءاللہ ملک سے فرسودہ نظام تبدیل کر کے ہی دم لیگی۔ شیر باز خان بگٹی نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہم نے تمام سیاسی جماعتوں اور سیاسی بازیگروں کا کردار اور عمل بہت قریب سے دیکھا ہے وہ عوام کے مسائل حل کرنے کے بجائے اپنے اور اپنی آنے والی نسلوں کیلئے خزانے بھر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم تمام ساتھی قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام گھر گھر پہنچائیں گے اور ثابت قدمی کے ساتھ جدوجہد کریں گے۔ اس موقع پر گھمن بگٹی ، سیف اللہ بگٹی اور محمد علی بگٹی نے بھی خطاب کیا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت نذیر حسین میڈیکل سینٹر میں سینکڑوں افراد کو ہیپاٹائٹس بی سے بچاؤ کی ویکسین لگائی گئی
## بعض افراد کے مرض کی تشخیص کے بعد انہیں اسپتال بھی ریفر کیا گیا

کراچی۔۔۔5، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام انسداد ہیپاٹائٹس کی مہم کے سلسلے میں نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال میں ہر عمر کے سینکڑوں بچوں، نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین کو ہیپاٹائٹس بی سے بچاؤ کی ویکسین لگائی گئی۔ اس سلسلے میں نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال میں صبح 9 بجے سے ہی زبردست رش دکھائی دیا جن کا ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان نے تفصیلی معائنہ کیا اور انہیں ہیپاٹائٹس سے بچاؤ کی ویکسین لگائی جبکہ بعض افراد کے مرض کی تشخیص بھی کی گئی اور انہیں اسپتال میں ریفر کیا گیا۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہیپاٹائٹس بی کے بچاؤ کی ویکسین سے استفادہ کرنے والے افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کا ادارہ عوام کو مفت طبی سہولیات فراہم کرتا آرہا ہے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کا یہ بڑا کام ہے جس کا اجر ضرور ملے گا۔ اس موقع پر انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مزید وسیع دائرہ کار اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور سلامتی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

☆☆☆☆☆